Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________

Sig. of Invigilator: ____________

# اُردو (لازمی)۔ ایچ ایس ایس سی-I

## حصہ اوّل (کل نمبر:20)

وقت:25منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبرا: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) قوم۔۔۔۔۔۔حالتوں کا مجموعہ ہے۔

الف۔ شخصی ب۔ انفرادی ج۔ اجتماعی د۔ عوامی

(ii) ٹھاکر صاحب اور پرکاش کی چھت کے درمیان کتنے فٹ کی دیوار تھی؟

الف۔ ایک فٹ ب۔ دو فٹ ج۔ تین فٹ د۔ چار فٹ

(iii) برطانیہ کی تاریخ میں کتنے ایڈورڈ گزرے ہیں؟

الف۔ سات ب۔ آٹھ ج۔ چار د۔ پانچ

(iv) اُردو ادب میں "پطرس بخاری" کی پہچان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

الف۔ بطور ڈرامہ نگار ب۔ بطور ناول نگار ج۔ بطور مزاح نگار د۔ بطور افسانہ نگار

(v) "ایک کہانی بڑی پرانی" میں بیوی نے گھر بنانے کے لیے کتنے تولے سونے کا سیٹ بیچا؟

الف۔ سات تولے ب۔ پانچ تولے ج۔ چھ تولے د۔ چار تولے

(vi) "آمرزگار" سے کیا مراد ہے؟

الف۔ پالنے والا ب۔ پردہ رکھنے والا ج۔ بخشنے والا د۔ پیدا کرنے والا

(vii) نظم "بہارِ صبح" کا تعلق کس صنفِ شاعری سے ہے؟

الف۔ قصیدہ ب۔ نعت ج۔ حمد د۔ مرثیہ

(viii) "بٹ مار اجل" کا لفظ کس کے لیے استعمال ہوا ہے؟

الف۔ ڈاکو ب۔ چور ج۔ ڈکیت د۔ موت

(ix) "خلیل اللہ " کس پیغمبر کا لقب ہے؟

الف۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام ب۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام

ج۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام د۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام

(x) نظم "شبِ معراج" میں حضور ﷺ کی سواری کو کیا کہا گیا ہے؟

الف۔ براق ب۔ ناقہ ءاسریٰ ج۔ پرتوِ نور د۔ منظورِ نظر

(xi) تلخیص اصل عبارت سے کتنی ہوتی ہے؟

الف۔ ایک تہائی ب۔ دو تہائی ج۔ دگنی د۔ نصف



StudentBounty.com

StudentBounty.com



(xii) آتشؔ نے اپنی غزل میں "سکندر" اور "دارا" کے حوالے سے کس چیز کے مٹنے کی بات کی ہے؟

الف۔ بادشاہت ب۔ محل ج۔ قبر د۔ شان وشوکت

(xiii) اِن آنکھوں کے قربان جاؤں جنہوں نے ہزاروں حجابوں میں پردا نہ دیکھا، یہ شعر کس واقعے کی طرف اشارہ کرتا ہے؟

الف۔ کوہِ طور ب۔ واقعۂ معراج ج۔ فتحِ مکہ د۔ واقعۂ کربلا

(xiv) "شاعرِ رنگین نوا" کی ترکیب کس شاعر نے اپنے لیے بیان کی ہے؟

الف۔ مومنؔ ب۔ حالیؔ ج۔ حسرتؔ د۔ داغؔ

(xv) احمد ندیم قاسمیؔ کس صدی کے شاعر تھے؟

الف۔ اٹھارویں ب۔ اُنیسویں ج۔ بیسویں د۔ اکیسویں

(xvi) علمِ بیان کی رو سے "آبِ حیات" کیا ہے؟

الف۔ تشبیہ ب۔ تلمیح ج۔ استعارہ د۔ روزمرہ

(xvii) مطلع غزل کا کون سا شعر ہوتا ہے؟

الف۔ پہلا ب۔ تیسرا ج۔ پانچواں د۔ ساتواں

(xviii) قرض کی لین دین میں کیا چیز لکھی جاتی ہے؟

الف۔ رسید ب۔ درخواست ج۔ خط د۔ روداد

(xix) تخلص کس شعر میں استعمال کیا جاتا ہے؟

الف۔ مطلع میں ب۔ مقطع میں ج۔ دوسرے شعر میں د۔ کسی بھی شعر میں

(xx) مکالمہ کسے کہتے ہیں؟

الف۔ دو یا دو سے زیادہ افراد کا مقابلہ ب۔ دو یا دو سے زیادہ افراد کی خط وکتابت

ج۔ دو یا دو سے زیادہ افراد کی گفتگو د۔ دو یا دو سے زیادہ افراد کا جھگڑا

برائے ممتحن : کُل نمبر: 20 حاصل کردہ نمبر: 

StudentBounty.com

# اُردو (لازمی) ۔ ایچ ایس ایس سی-I

وقت: 2:35 گھنٹے | کل نمبر حصہ دوم اور سوم 80

نوٹ: حصہ ''دوم'' اور ''سوم'' 2-1 صفحات پر مشتمل ہے۔ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کل نمبر 48)

سوال نمبر ۲: درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x4=48)

(i) دھاتوں کے متعلق جابر بن حیان کا نظریہ کیا تھا؟

(ii) منشیات سے بچنے کے لیے کیا اقدامات ضروری ہیں؟

(iii) شوکت تھانوی نوجوان نسل کے لیے ظرافت میں چھپی ہوئی کیا تمنا رکھتے تھے؟ (یا)

افسانہ "اوور کوٹ" میں ہماری معاشرتی زندگی کے کس بنیادی تضاد کو اجاگر کیا گیا ہے؟

(iv) نظم "بڑھے چلو" میں اختر شیرانی نے قوم کو کیا پیغام دیا ہے؟

(v) مندرجہ ذیل کا مفہوم لکھیں:

قضائے قدس ، دارالحرب ، اہلِ سخن ، نکتہ نکتہ (یا)

نظم "ایبسٹریکٹ آرٹ" میں شاعر نے مجرد آرٹ کا مضحکہ خیز نقشہ کھینچا ہے۔اس پر اپنی رائے تحریر کریں۔

(vi) نظم "شامِ رنگین" میں شاعر نے شام کی جو منظر کشی کی ہے، اسے اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔

(vii) مندرجہ ذیل شعر میں ''بے وفا'' اور "وعدہ وفا" کی تراکیب کس کے لیے استعمال کی گئی ہیں اور کیوں؟

"بے وفا" کہنے کی شکایت ہے تو بھی وعدہ وفا نہیں ہوتا

(viii) دوئی اور ثانی کا باہم کیا تعلق ہے؟

(ix) شامل نصاب غزل میں آتش نے انسان کی نیک نامی یا بدنامی کا معیار خلقِ خُدا کو قرار دیا ہے۔اس کی وضاحت کریں۔ (یا)

ذیل میں میر کے دیے گئے مقطع سے کیا سبق ملتا ہے؟

کہیں کیا جو پوچھے کوئی ہم سے میر جہاں میں تم آئے تھے کیا کر چلے

(x) قافیہ کی تعریف کیجیے اور ایک مثال بھی دیجیے۔ (یا)

تشبیہ کے کتنے ارکان ہیں؟ ایک شعر کی مثال دے کر ان ارکان کی وضاحت کریں۔

(xi) مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجیے کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے:

نیک نامی ، وفا ، اخبار ، اُردو

(xii) **درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے:**

گناہ کو چھوڑنا آسان نہیں۔ہر گناہ میں ایک لذت ہے جو فوراً حاصل ہوتی ہے۔نیکی کے نتائج کافی دیر بعد نکلتے ہیں اور آغاز میں تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔صرف ایک نیکی یعنی "علم" کو لیجیے اور اندازہ لگائیے کہ حصول علم کے لیے کس قدر طویل مدت تک محنت کرنا پڑتی ہے۔گناہ کی لذت بہت جلد دکھ میں بدل جاتی ہے اور نیکی کی خاطر اُٹھائے ہوئے دُکھ مسرت کی صورت اختیار کر لیتے ہیں۔

StudentBounty.com

## حصہ سوم (کُل نمبر 32)

سوال نمبر۳: سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف: پھر نہ جانے کیا ہوا کہ وہ دم بخود ہو کر رہ گئیں۔ ایک لحہ یونہی چپ چاپ کھڑی رہیں۔ پھر انگلی سے بچے کی ران کے اس مقام کو چھوا جہاں سے نکیلی پنسل نے جلد اُدھیڑ دی تھی۔ خون رِس کر جم گیا تھا اور آس پاس سرخی کا دائرہ سا بن گیا تھا۔ بچہ انگلی کے مس سے بلبلا اٹھا تو بیگم راجا نے دونوں ہاتھ بڑھا کر بیگم خواجہ کے بچے کو اٹھا لیا اور اسے اپنے کولھے پر بٹھا کر تھپکنے لگیں اور رونے لگیں اور کہنے لگیں "آگ لگے ان ہاتھوں کو جنھوں نے تیرے پھول سے جسم کو اُدھیڑا ہے۔۔۔"

ب: میرٹھ سے آ کر دیکھا کہ یہاں بڑی شدت ہے اور یہ حالت ہے کہ گوروں کی پاسبانی پر قناعت نہیں ہے۔ لاہوری دروازہ کا تھانہ دار مونڈھا بچھا کر سڑک پر بیٹھتا ہے جو باہر سے گورے کی آنکھ بچا کر آتا ہے اس کو پکڑ کر حوالات میں بھیج دیتا ہے۔ حاکم کے ہاں سے پانچ پانچ بید لگتے ہیں یا دو دو روپیہ جرمانہ لیا جاتا ہے، آٹھ دن قید رہتا ہے اس سے علاوہ سب تھانوں پر حکم ہے کہ دریافت کرو کون بے ٹکٹ مقیم ہے اور کون ٹکٹ رکھتا ہے۔ تھانوں میں نقشے مرتب ہونے لگے۔ یہاں کا جماعہ دار میرے پاس بھی آیا۔ میں نے کہا بھائی! تو مجھے نقشے میں نہ رکھ۔

سوال نمبر۴: کسی ایک جزو کا بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (1+1+5=7)

الف:
یہی مقصودِ فطرت ہے یہی رمزِ مسلمانی
اخوت کی جہانگیری، محبت کی فراوانی
بتانِ رنگ و خوں کو توڑ کر ملت میں گم ہو جا
نہ تورانی رہے باقی نہ ایرانی نہ افغانی
مٹایا قیصر و کسریٰ کے استبداد کو جس نے
وہ کیا تھا؟ زورِ حیدرؓ، فقرِ بوذرؓ، صدقِ سلمانیؓ

ب:
آمد وہ آفتاب کی، وہ صبح کا سماں
تھا جس کی ضَو سے وجد میں طاؤسِ آسماں
ذروں کی روشنی پہ ستاروں کا تھا گماں
نہرِ فرات بیچ میں تھی مثلِ کہکشاں
ہر نخل پر ضیائے سرِ کوہِ طور تھی
گویا فلک سے بارشِ بارانِ نور تھی

سوال نمبر۵: کوئی سے تین اشعار کی تشریح کیجیے اور ہر شعر کے خالق کا نام بھی لکھیں: (3+3+3=9)

الف:
رہتا ہوں غرق ان کے تصور میں روز و شب
مستی کا پڑ گیا ہے کچھ ایسا مزا مجھے

ب:
شفا اپنی تقدیر ہی میں نہ تھی
کہ مقدور تک تو دوا کر چلے

ج:
آتی ہے کس طرح سے مری قبضِ روح کو
دیکھوں تو موت ڈھونڈ رہی ہے بہانہ کیا

د۔
آغاز کو کون پوچھتا ہے
انجام اچھا ہو آدمی کا

ر:
جو چل سکو تو چلو کہ راہِ وفا بہت مختصر ہوئی ہے
مقام ہے اب کوئی نہ منزل فرازِ دار و رسن سے پہلے

سوال نمبر۶: اپنی سالگرہ کی روداد لکھیں۔ (5)

سوال نمبر۷: علاقے کے نائب ناظم کے نام درخواست لکھ کر پینے کے لیے صاف پانی کی فراہمی کا مطالبہ کیجیے۔ (5)